حیسکو پریس ریلیز مورخہ :16.11.2021

# حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اورنادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں عمرکوٹ ڈویژن میں کارروائیوں کے دوران نادہندگان کے 787 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، بجلی چوروں کے 389 کنکشن منقطع کردیئے۔921 بجلی کنکشنوں کی سیکیورنگ کی گئی ہے۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد(          ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں آپریشن ڈویژن عمرکوٹ کی سب ڈویژنوں عمرکوٹ، کنری، چھوراور سامارو میں اپنی ٹیموں کے ہمراہ کارروائیاں کے دوران نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 787 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، جن پر 10 کروڑ56لاکھ سے زائد کے واجبات تھے،بجلی کے بلوں کے واجبات کی مد میں 4 کروڑ10لاکھ 12 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے اوربجلی چوروں کے 351 غیر قانونی کنڈہ کنکشن موقع پر منقطع کردیئے گئے۔اور بجلی چوری کے خاتمے کیلئے مجموعی طور پر 921 بجلی کنکشنوں کے میٹروں کوسیکورنگ کی گئی۔تفصیلات کے مطابق آپریشن سب ڈویژن عمرکوٹ کے علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے واجبات کی عدم ادائیگی پر185 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کردیئے ہیں، اور نادہندگان سے 1 کروڑ3لاکھ 35 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے،اوربجلی چوروں کے 98غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اورتاریں ضبط کرلی گئی ہیں، کنری سب ڈویژن میں کارروائیوں میں ناہندگان کے 195 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے،اور نادہندگان سے 90 لاکھ 34 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے،اوربجلی چوروں کے 125 کنڈے ہٹائے گئے ہیں،آپریشن سب ڈویژن چھورمیں حیسکو چیف کی ہدایات پر کارروائیوں میں ناہندگان کے 212 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے، اور نادہندگان سے 45 لاکھ 10 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے،اوربجلی چوروں کے 71 کنڈے کاٹے ہیں،اور سامارو میں کارروائی کرتے ہوئے ناہندگان کے 195 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے،اورنادہندگان سے35 لاکھ 12 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے،اوربجلی چوروں کے 95 کنڈے ہٹائے گئے ہیں۔بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے،صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں،کیونکہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائشتہ زبان ہے،نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کوموقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بناکے دی جائیں،واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔آپ کے تعاون کا متمنی

حیسکو




حیدرآباد: حیسکو چیف عبدالرحیم سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔